**SET-4**

**Series : ONS/1**

کوڈ نمبر
**Code No. 30/1**

طالب علم کوڈ نمبر جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

- برائے مہربانی جانچ لیجیے کہ پرچے میں چھپے ہوئے صفحات **7** ہیں۔
- سوالیہ پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر ہے جو طالب علم جوابات کی کاپی کے سرورق پر لکھے گا۔
- مہربانی سے چیک کیجئے کہ سوالیہ پرچہ مس **11** سوالات ہیں۔
- **برائے مہربانی جوابات لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھئے۔**
- سوالیہ پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوالیہ پرچہ صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 تک طالب علم صرف پرچہ پڑھے گا اور اس وقت کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھے گا۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **11** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 Minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the student will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اُردو (الیکٹو)

# URDU (Elective)

مقرّرہ وقت : 3، گھنٹے | کُل نمبر : 100

*Time allowed : 3 hours* | *Maximum marks : 100*

.1 درج ذیل اقتباسات میں سے کسی **ایک** کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

''دوپہر کو پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ حسین ساگر میں جو کلب ہے وہاں دعوت بھی تھی۔ ادیبوں کو کشتیوں

میں سوار کر کے کلب پہنچایا گیا۔ درحالیکہ ایک راستہ خشکی سے بھی جاتا تھا۔ غالباً موٹر بوٹ کی نمائش مقصود تھی۔ کلب کی عمارت جھیل میں تعمیر کی گئی ہے۔ کوئی پچاس کے قریب ملازم ہوں گے۔ آٹھ کورس کا کھانا۔ اس دعوت پر اتنا صرف کیا گیا تھا کہ غالباً پریم چند کو اپنی زندگی میں اتنی رائلٹی نہ ملی ہوگی۔ یورپ میں جب ادیب زندہ ہوتا ہے تو اس کی قدر ہوتی ہے۔ ہندوستان میں مرنے کے بعد اسے پوچھا جاتا ہے۔ چنانچہ آج پریم چند سوسائٹی کا افتتاح تھا۔ قاضی عبدالغفار تقریر کر رہے تھے۔ قاضی عبدالغفار کی شخصیت پر متانت کا ایک دبیز پردہ پڑا ہوا ہے لیکن اتنا دبیز بھی نہیں کہ ان کی جبلی خوش طبعی اس متانت کے اندر سے جھلک نہ اُٹھے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کسی چیز نے کسی خاص واقع نے ان کے ذہن کے، ان کے فکر کے، ان کی فطری صلاحیت کے دو ٹکڑے کر دیے ہیں۔''

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں ؟

(ii) کلب کے متعلق مصنف نے کیا کیا بتایا ہے ؟

(iii) مصنف کے خیال میں ادیبوں کی قدردانی کے تعلق سے یورپ اور ہندوستان میں کیا فرق پایا جاتا ہے ؟

(iv) قاضی عبدالغفار کی شخصیت پر متانت کا پردہ پڑے ہونے کے باوجود بھی انکی کون سی صفت نمایاں ہوتی ہے ؟

(v) مصنف کے مطابق قاضی صاحب کی فطری صلاحیت کے دو ٹکڑے ہونے کی کیا وجہ ہے ؟

**یا**

''حکومت نے اپنے سارے اعلیٰ دماغوں کو یکجا کیا۔ بڑے بڑے سیمنار کیے۔ سوال یہ تھا کہ کیا ملک کے سو فیصدی لوگ ایک ساتھ ایک جیسے مالدار ہو سکتے ہیں ؟ کیا سب کو مالدار ہو جانے دیا جائے ؟ جواب ملا – نہیں۔ بڑے بحث مباحثے کے بعد یہ پتہ چلا کہ مالدار ہونے کی یہ بیماری اسی لیے ہے کہ لوگ رات کو سوتے ہیں اور سویرے اٹھ کر تکیہ ہٹاتے ہیں تو روز دو لاکھ پاتے ہیں۔ اس بات پر جب اور تحقیق کی گئی تو پتہ چلا کہ دیوی نے یہ شرط لگائی تھی کہ جو صبح سو کر اٹھے گا اس کے تکیے کے نیچے سے یہ دولت نکلے گی۔ حکومت نے ملک کے چوٹی کے سائنٹسٹوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے یہ مسئلہ رکھا کہ اگر اس ملک کو تباہی سے بچانا ہے تو ملک میں دولت کی اس بے ہودہ تقسیم کو ختم کرنا ہوگا۔ دولت تو کمانے کی چیز ہے جو پڑی مل جائے اور وہ بھی ایک ہی وقت میں سب کو مل

جائے اسے خدا کا عذاب کہا جائے گا، دولت نہیں۔ سائنس دانوں نے اس سلسلے میں حکومت کے خیال کی تائید کی تو طے پایا کہ کوئی ایسی دوا ایجاد کی جائے جو لوگوں کی راتوں کی نیند چھین لے۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں ؟

(ii) حکومت نے کس مسئلے کے حل کے لیے اعلیٰ دماغوں کو یکجا کیا تھا ؟

(iii) مالدار ہونے کے سلسلے میں جب زیادہ تحقیق کی گئی تو کیا بات معلوم ہوئی ؟

(iv) دولت کی بے ہودہ تقسیم کو خدا کا عذاب کیوں کہا گیا ؟

(v) مسئلے کے حل کے لیے کیا طے پایا ؟

2. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) انشائیہ 'مچھر' میں خواجہ حسن نظامی نے مچھر کے ذریعے انسان کو کیا نصیحتیں کی ہیں ؟ اس انشائیہ کی روشنی میں خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری کی خصوصیات بھی لکھیے۔

(ii) افسانے کی تعریف بیان کیجیے اور اردو کے پانچ اہم افسانہ نگاروں کے نام لکھیے۔

3. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) احتشام حسین نے آزاد اور خوجی میں انسانی سیرت کے کن دو الگ الگ پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے؟

(ii) افسانہ 'بجوکا' سے کیا پیغام ملتا ہے؟

(iii) اخترالایمان نے اپنی آپ بیتی میں مدرسے میں رہنے والی بچی لالی کے متعلق کیا واقعہ بیان کیا ہے؟

(iv) افسانہ 'فوٹوگرافر' میں زندگی کی کس حقیقت کو بیان کیا گیا ہے؟

4. درج ذیل میں سے کسی **ایک** شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھیے : **10**

جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے

دل کا وہ حال ہوا ہے غمِ دوراں کے تلے
جیسے اک لاش چٹانوں میں دبا دی جائے

ہم نے انسانوں کے دکھ درد کا حل ڈھونڈ لیا
کیا برا ہے جو یہ افواہ اُڑا دی جائے

ہم سے پوچھو کہ غزل کیا ہے، غزل کا فن کیا
چند لفظوں میں کوئی آگ چھپا دی جائے

(i) درج بالا اشعار کس شاعر کی غزل سے لیے گئے ہیں ؟

(ii) شاعر کس رسم کو اٹھانے کی بات کر رہا ہے ؟

(iii) غمِ دوراں کے تلے دل کا کیا حال ہوا ہے ؟

(iv) شاعر نے کس افواہ کو اُڑا دینے کی بات کہی ہے ؟

(v) غزل کے فن کے متعلق شاعر کی کیا رائے ہے ؟

**یا**

میں تیرے پانو پڑوں، ہاتھ روک لے قاتل
اسے نہ مار جو تیری طرف ہمکتا ہے
یہ تیغ کو بھی کھلونا سمجھنے والا ہے
یہ لعل پھینک کے انگارہ چوس سکتا ہے
کہا کسی نے کہ وہ جلد لوٹ آئیں گے
کہا کسی نے کہ امید اب بہت کم ہے
الٰہی ڈوبتے دل کو ذرا سہارا دے
مرے چراغ کی لو آج کتنی مدّھم ہے

(i) درج بالا بند کس نظم سے لیے گئے ہیں ؟ نظم کے شاعر کا نام بتائیے۔

(ii) شاعر نے قاتل سے کیا درخواست کی ؟

(iii) قاتل کی طرف ہمکنے والے بچّے کی معصومیت کی جو دو مثالیں بیان کی گئی ہیں، انھیں لکھیے۔

(iv) لوگوں نے ایسا کیا کیا کہ شاعر کا دل ڈوبنے لگا ؟

(v) چراغ کی لو کا مدّھم ہونا کس بات کا استعارہ ہے ؟

5. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **5**

(i) ن۔م۔ راشد کی نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کا مرکزی خیال لکھیے۔

(ii) مولانا الطاف حسین حالی کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھیے۔

6. درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : **10**

(i) ناصر کاظمی کی غزل گوئی کے امتیازات لکھیے۔

(ii) ''ملک بے سحر وشام'' میں شاعر کو اپنی گذشتہ شامیں کیوں یاد آتی ہیں ؟

(iii) روح ارضی آدم کا استقبال کیوں کرتی ہے ؟

(iv) آدمی کے لہو کی طغیانی بادشاہت کو کس طرح غرق کے دے گی ؟

7. درج ذیل میں سے کسی **ایک** سوال کا جواب سو **(100)** الفاظ میں لکھیے : **4**

(i) ویکوم محمد بشیر کے افسانے 'جنم دن' کے واقعات میں سے کس واقعے نے آپ کو بے حد متاثر کیا اور کیوں ؟

(ii) پریم چند اپنے ناول 'بیوہ' کے ذریعے کیا پیغام دینا چاہتے ہیں ؟

.8 درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 6

(i) ڈراما 'یہودی کی لڑکی' کے اہم کرداروں پر تبصرہ کیجیے۔

(ii) افسانہ 'جلتی جھاڑی' کا خلاصہ لکھیے ۔

(iii) کلرک کی موت کے کردار چیرویاکوف پر تبصرہ کیجیے۔

(iv) انشائیہ 'مرحوم کی یاد میں' مصنف کو موٹر دیکھ کر کیا خیال آیا اور وہ کیا سوچنے لگا ؟

.9 درج ذیل میں سے کسی دو سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے : 20

(i) اردو زبان کے آغاز و ارتقا پر مضمون لکھیے ۔

(ii) دبستانِ دہلی کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

(iii) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات لکھیے ۔

(iv) ترقی پسند تحریک کے آغاز و ارتقا پر ایک مضمون لکھیے ۔

.10 درج ذیل میں سے صرف تین سوالوں کے مختصر جواب لکھیے : 15

(i) غزل کی تعریف بیان کیجیے اور اس کے عناصر لکھیے ۔

(ii) اقبال کی نظم گوئی کی خصوصیات لکھیے ۔

(iii) احتشام حسین کی مضمون نگاری پر ایک نوٹ لکھیے ۔

(iv) قرۃ العین حیدر کی افسانہ نگاری کی خصوصیات بیان کیجیے۔

.11 درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : 5

(i) ناول 'امراؤ جان ادا' کے مصنف کون ہیں ؟

(a) مرزا ہادی رسوا (b) احتشام حسین (c) ڈپٹی نذیر احمد

(ii) 'پودے' کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟

(a) آپ بیتی (b) سفرنامہ (c) رپورتاژ

(iii) جس نظم میں کسی کی مدح کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) مرثیہ (b) قصیدہ (c) رباعی

(iv) اردو ادیبوں میں اپنے طنزومزاح کے لیے کون معروف ہے؟

(a) خواجہ حسن نظامی (b) پطرس بخاری (c) کرشن چندر

(v) 'گورِغریباں' انگریزی کے کس شاعر کی نظم کا اردو ترجمہ ہے؟

(a) شیکسپیئر (b) ورڈزورتھ (c) تھامس گرے